# News of the Sports

April 15 , 2018

نوائے وقت

# کامن ویلتھ گیمز: پاکستان کے محمد انعام بٹ نے ریسلنگ میں گولڈ میڈل جیت لیا

انعام نے نائجیریا کے میلون بیبو کو ہرایا، طیب رضا نے کانسی کا تمغہ جیت لیا، چیف آف آرمی سٹاف، ڈی جی آئی ایس پی آر کی میڈل جیتنے پر مبارکباد

وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ نے ریسلرز کیلئے انعامات کا اعلان کردیا، ملک و قوم کا نام روشن کرنے پر خوش ہوں: انعام بٹ، گھر میں جشن، مٹھائیاں تقسیم

پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری خالد محمود کی جانب سے دونوں پہلوانوں کو دو دو سو ڈالر نقد انعام اور شاباش دی۔

چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید جاوید باجوہ، ڈی آئی ایس پی آر میجر جنرل آصف غفور نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا انعام بٹ کا گولڈ میڈل جیتنا قابل فخر بات ہے۔

وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ نے انعام کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا۔

انھوں نے براونز میڈلز جیتنے والے پاکستانی کھلاڑیوں کیلئے بھی فی کس دس لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

گولڈ کوسٹ / لاہور / گوجرانوالہ (چودھری اشرف / نمائندہ سپورٹس / نمائندہ خصوصی) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستانی ریسلر محمد انعام بٹ نے گولڈ میڈل جیت لیا، اس سے قبل ریسلنگ میں طیب رضا نے پاکستان کیلئے چوتھا برانز میڈل جیتا۔ محمد انعام بٹ نے 86 کلوگرام فری سٹائل میں جبکہ طیب رضا نے 125 کلوگرام کلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی۔ فائنل میں محمد انعام بٹ کا مقابلہ نائجیریا کے میلون بیبو سے تھا، انعام بٹ نے چھ صفر سے کامیابی اپنے نام کی۔ 125 کلوگرام کلاس میں طیب رضا آخری لیگ میچ میں شکست کھا گئے تاہم بہتر پوائنٹس پر برانز میڈل جیتنے میں کامیاب ہو گئے۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری خالد محمود کی جانب سے دونوں پہلوانوں کو دو دو سو ڈالر نقد انعام اور شاباش دی۔ پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیتنے والے محمد انعام نے اپنا میڈل پاکستان کے نام کرتے ہوئے کہا کہ اس میڈل کیلئے چار سال سے محنت کر رہا تھا۔ خوشی ہے ملک اور قوم کا نام روشن کیا ہے۔ میڈل میں کسی ایک کی نہیں بلکہ پاکستان سپورٹس بورڈ، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن، پاکستان ریسلنگ فیڈریشن اور کوچز کی محنت کے ساتھ والدین کی دعائیں شامل ہیں۔ محنت جاری رکھتے ہوئے ایشین گیمز کی تیاری کروں گا تاکہ پاکستان کے لیے مزید میڈل جیت سکوں۔ ریسلر محمد انعام کے گھر جشن کا سماں بندھ گیا۔ خاندان کا کہنا تھا کہ اللہ کا کرم ہے کہ بیٹے نے پاکستان کے لئے پہلا گولڈ میڈل جیتا ہے، بہت حد خوش ہیں، مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید جاوید باجوہ، ڈی آئی ایس پی آر میجر جنرل آصف غفور نے مبارکباد دیتے ہوئے کہا انعام بٹ کا گولڈ میڈل جیتنا قابل فخر بات ہے۔ وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ نے انعام کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا۔ انھوں نے براونز میڈلز جیتنے والے پاکستانی کھلاڑیوں کیلئے بھی فی کس دس لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

## پاکستان نے 2010 کے بعد کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتا

گولڈ کوسٹ / آسٹریلیا (سپورٹس رپورٹر) 2010ء کے بعد پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتا۔ کامن ویلتھ گیمز 2018ء میں پاکستان نے مجموعی طور پر ایک گولڈ میڈل کے ساتھ پانچ میڈل حاصل کیے۔ پاکستان کی طرف سے انعام بٹ نے ریسلنگ میں گولڈ میڈل حاصل کیا جبکہ ریسلنگ میں ہی طیب رضا اور محمد بلال جبکہ ویٹ لیفٹنگ میں محمد نوح دستگیر بٹ اور طلحہ طالب نے برانز میڈل جیتے۔

ALLAH is great.
Inam is pride of Pakistan.
#gc2018 #Pakistan
#GC2018Wrestling








ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# کامن ویلتھ گیمز

# انعام کا پاکستان کیلئے پہلا ''انعام''

## پاکستانی پہلوان نے نائجیریائی پہلوان میلون بیبو کو شکست دیکر 86 کلو فری سٹائل کشتی میں سونے کا تمغہ حاصل کرلیا، ڈی جی آئی ایس پی آر، وفاقی وزیر کی مبارکباد

اسلام آباد، لاہور (سپورٹس رپورٹر، نمائندہ سپورٹس) آسٹریلیا میں ہونے والے دولت مشترکہ کھیلوں میں پاکستانی پہلوان محمد انعام نے نائجیریائی پہلوان میلون بیبو کو شکست دیکر 86 کلو فری سٹائل کشتی میں سونے کا تمغہ حاصل کرلیا۔ انعام نے پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیت کر ملک کو ہی انعام دے ڈالا، آسٹریلوی شہر گولڈ کوسٹ میں ہونے والے 21ویں دولت مشترکہ کھیلوں میں محمد انعام نے حریف کو صفر کے مقابلے پر چھ پوائنٹس سے شکست دی۔ یہ 2018ء کے کھیلوں میں پاکستان کا پہلا طلائی تمغہ ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان نے چار کانسی کے تمغے بھی حاصل کررکھے ہیں۔ میڈل ٹیبل پر اب تک آسٹریلیا 70، انگلستان 37 اور بھارت 23 طلائی تمغوں کے ساتھ بالترتیب پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبروں پر ہیں۔ پاکستان کا نمبر اس فہرست میں 22واں ہے۔ پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل لینے پر ڈی جی آئی ایس پی آر، وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ سمیت دیگر نے کھلاڑی کو مبارکباد پیش کی ہے۔



گولڈ کوسٹ، کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل حاصل کرنیوالے انعام بٹ کا دیگر کھلاڑیوں کیساتھ گروپ فوٹو



ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان لاہور

# انعام بٹ کی جیت نے سوئی ہوئی حکومت کو جگا دیا

## جیت سے قبل گیمز میں شرکت کی تیاری کیلئے کھلاڑی نے 10 لاکھ روپے مانگے مگر کوئی جواب نہ دیا گیا اب 50 لاکھ کا اعلان کر دیا

گولڈ کوسٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی پہلوان انعام بٹ نے اپنی مدد آپ کے تحت تیاری کر کے کامن ویلتھ گیمز میں جا کر پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتا تو حکومت کو بھی ہوش آ گیا جس نے انعام بٹ سمیت تمغے جیتنے والے تمام پاکستانی کھلاڑیوں کیلئے انعامات کا اعلان کر دیا ہے۔ کامن ویلتھ گیمز کی تیاری کیلئے 10 لاکھ روپے بھی نہ دینے والی حکومت نے گولڈ میڈل جیتنے کے بعد بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اعلان وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ کی جانب سے کیا گیا ہے جن کا کہنا تھا کہ انعام بٹ کے اعزاز میں تقریب سجائی جائے گی اور انعام دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ نے نا صرف انعام بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے بلکہ براونز میڈل جیتنے والوں کو بھی فی کس 10 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان لاہور

# کامن ویلتھ گیمز، کانسی کا چوتھا تمغہ پاکستان کے نام

گولڈ کوسٹ (صباح نیوز) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان نے کانسی کا تمغہ جیت لیا، طیب رضا آخری باٹ ہارنے کے باوجود پوائنٹس کی بنیاد پر تیسری پوزیشن پر رہے۔ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان نے ایک اور کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ پاکستان کیلئے کانسی کا چوتھا تمغہ طیب رضا نے ریسلنگ ایونٹ میں جیتا، ریسلنگ ایونٹ کی 125 کلوگرام کیٹیگری میں پاکستان کے طیب رضا کو کینیڈا کے کورے جاویس نے ہرایا، طیب رضا آخری باٹ ہارنے کے باوجود پوائنٹس کی بنیاد پر تیسری پوزیشن پر رہے، کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کا یہ چوتھا کانسی کا تمغہ ہے۔

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان لاہور

# کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا 70 گولڈ میڈلز کے ساتھ سرفہرست

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا 70 گولڈ میڈلز کے ساتھ سرفہرست ہے، انگلینڈ دوسرے اور بھارت تیسرے نمبر پر براجمان ہے۔ میگا ایونٹ میں آسٹریلیا نے اب تک 70 گولڈ، 53 سلور اور 56 برانز میڈلز حاصل کئے ہیں۔

معیار - اعتبار
92 نیوز
روزنامہ
برسطر پُراثر

# سونے کے تمغے کو قوم کے نام کرتا ہوں: انعام بٹ

## یہ پاکستان کا میڈل، فیصلہ کن میچ میں عالمی نمبر دو کو ہرا کر خوشی ہوئی: ریسلر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے والے ریسلر محمد انعام بٹ نے اپنی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنی فتح کو پاکستانی قوم کے نام کرتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کا میڈل ہے جس کیلئے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن، پاکستان سپورٹس بورڈ، پاکستان ریسلنگ فیڈریشن میرے کوچز کی کاوشیں اور عوام کی دعائیں شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فائنل میں مقابلہ ورلڈ نمبر 2 کے ساتھ تھا۔ میں اپنے پلان کے مطابق کھیلا اور اللہ نے کامیابی دی۔ محمد انعام بٹ نے فائنل سے قبل کھیلے گئے مقابلے میں آسٹریلیا کے جائڈن لارنس کو 4-14، کینیڈا کے الیگزینڈر مور کو فال سے جبکہ بھارت کے سومویر کیخلاف 0-10 سے کامیابی حاصل کی۔ انعام بٹ کے فائنل جیتتے ہی سٹیڈیم پاکستان زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ میڈلز کی تقسیم کی تقریب کے موقع پر پاکستان کے قومی ترانے کے ساتھ سبز ہلالی پرچم کو سربلند کیا گیا۔

## انعام بٹ کے گولڈ میڈل جیتنے پر فخر ہے: ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ میجر جنرل آصف غفور نے دولت مشترکہ مقابلوں میں ملک کے لیے گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ واضح رہے ریسلر انعام بٹ نے 86 کلوگرام کیٹیگری میں نائیجیریا کے ریسلر کو شکست دے کر سونے کا تمغہ جیتا تھا۔ میڈیا کو جاری اپنے بیان میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے انعام بٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا انعام بٹ کا گولڈ میڈل جیتنا قابل فخر بات ہے۔

## ریاض حسین پیرزادہ کی انعام بٹ کو مبارکباد

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ اور قومی ریسلنگ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد انور نے قومی پہلوان محمد انعام بٹ کو آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی ویمن ونگ کی چیئرپرسن صباء شمیم جدون، پاکستان پاورلیفٹنگ کے فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد راشد ملک نے بھی میڈلز حاصل کرنیوالے پاکستانی کھلاڑیوں کو کامیابی پر مبارکباد دی۔



گولڈ کوسٹ: کامن ویلتھ ریسلنگ میں پاکستان کے محمد انعام بٹ گولڈ میڈل حاصل کرنے کے بعد دیگر پہلوانوں کیساتھ تصویر بنوا رہے ہیں، پاکستان میگا ایونٹ میں چار کانسی کے تمغوں سمیت مجموعی طور پر پانچ میڈل جیت چکا

روزنامہ ایکسپریس

# ریسلر کے عمدہ کھیل کا "انعام" سونے شوکیس میں سونے کا تمغہ جگمگانے لگا

محمد انعام بٹ نے 86 کلوگرام کیٹیگری میں بھارتی اور کینیڈین حریفوں کو خاک چٹانے کے بعد فائنل میں مضبوط نائجیرئین پہلوان میلون بیبو کو ایک بھی پوائنٹ حاصل نہیں کرنے دیا

آبائی شہر گوجرانوالہ سمیت ملک بھر میں شائقین کا جشن، مسرور ریسلر حکومتی عدم سرپرستی کا شکوہ زبان پر لے آئے، جمع پونجی خرچ کر کے مقابلوں میں شریک ہوا، انعام

طیب رضا کا 125 کے جی ریسلنگ میں برانز میڈل، ارشد نعیم کا جولین تھرو میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، فائنل راؤنڈ میں کارکردگی کا معیار برقرار نہ رکھ پائے

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں ریسلر محمد انعام بٹ کو عمدہ کھیل کا ''انعام'' مل گیا، ان کی بدولت سونے پاکستانی شوکیس میں سونے کا تمغہ جگمگانے لگا، ریسلر نے 86 کلوگرام کیٹیگری میں بھارتی اور کینیڈین حریفوں کو خاک چٹانے کے بعد فائنل میں مضبوط نائجیرئین پہلوان میلون بیبو کو ایک بھی پوائنٹ حاصل نہیں کرنے دیا، دوسری جانب انعام کے آبائی شہر گوجرانوالہ سمیت ملک بھر میں شائقین نے فتح کا جشن منایا، ریسلر جیت پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے حکومتی عدم سرپرستی کا شکوہ بھی زبان پر لے آئے، انھوں نے کہا کہ تیاری کیلیے 10 لاکھ مانگے تھے کسی نے توجہ نہیں دی، جمع پونجی خرچ کر کے مقابلوں میں شریک ہوا۔ دریں اثنا گذشتہ روز طیب رضا نے بھی 125 کے جی ریسلنگ مقابلے میں برانز میڈل حاصل کیا، ارشد نعیم کا جولین تھرو میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، کوچ کی عدم دستیابی اور کمر میں تکلیف کے سبب وہ کارکردگی کا معیار برقرار نہ رکھ پائے۔ تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے ریسلنگ ایونٹ کی 86 کلوگرام کیٹیگری میں پاکستانی ریسلر محمد انعام بٹ نے تمام حریفوں کو چت کرتے ہوئے گولڈ میڈل جیت لیا، انھوں نے پہلے میچ میں آسٹریلوی جیڈن لارنس، دوسرے میں بھارتی سوم ویرا اور سیمی فائنل میں کینیڈا کے الیگزینڈر مورے کو ہرایا تھا، فائنل میں انعام کا مقابلہ نائیجیریا کے میلون بیبو سے تھا، حریف کی جسمانی ساخت اور گذشتہ ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے مبصرین انعام کو فیورٹ قرار نہیں دے رہے تھے، مگر انھوں نے یکطرفہ مقابلے کے بعد 6-0 سے فتح حاصل کرلی، یوں سب اندازے غلط ثابت ہوگئے، دوسری جانب پہلا گولڈ میڈل ملنے پر پاکستان بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، جونیئر ایشین ریسلنگ چیمپئن شپ کیلیے لاہور میں کوچنگ سینٹر میں ٹریننگ کرنے والے ریسلرز اور کوچز نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے، انعام بٹ کے شہر گوجرانوالہ میں بھی فتح کا جشن منایا گیا، خوشی سے سرشار انعام حکومت کی جانب سے عدم سرپرستی کا شکوہ بھی زبان پر لے آئے، گذشتہ کامن ویلتھ گیمز میں بھی گولڈ میڈل حاصل کرنے والے انعام بٹ نے کہا کہ میں نے گیمز کی تیاری کیلیے 10 لاکھ مانگے تھے لیکن کسی نے توجہ نہیں دی، جو رقم میرے پاس موجود تھی ساری خرچ کر کے فیڈریشن کے تعاون سے مقابلوں میں شریک ہوا اور ملک کیلیے گولڈ میڈل حاصل کیا، خوشی ہے کہ اعزاز پانے میں کامیاب رہا۔ دریں اثنا گذشتہ روز

طیب رضا نے بھی ریسلنگ کے 125 کے جی مقابلے میں برانز میڈل حاصل کیا، انھوں نے نائیجیرین حریف بولنگ کیخلاف 2-10 سے کامیابی پائی، کیمرون کے کوامین زخمی ہونے کے باعث میچ سے دستبردار ہوگئے، سیمی فائنل میں بھارت کے سمیت نے طیب رضا کو 4-10 سے شکست دی، یادرہے کہ قبل ازیں ریسلنگ 57 کلو گرام کیٹیگری میں محمد بلال نے انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا تھا، ویٹ لفٹر نوح دستگیر بٹ نے 105 پلس اور طلحہ طالب نے 62 کی کیٹیگری میں بھی برانز میڈل جیتے تھے،، یوں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے میڈلز کی تعداد 5 ہوگئی، گذشتہ روز ایتھلیٹ ارشد ندیم نے جیولین تھرو ایونٹ میں آٹھویں پوزیشن حاصل کی، انھوں نے بہترین ریکارڈ کے ساتھ فائنل راؤنڈ کیلیے کوالیفائی کیا جس کے بعد تمغہ جیتنے پر نگاہیں مرکوز کرلی تھیں، مگر فیصلہ کن معرکے میں جیولین 6.02 میٹر پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی، اس طرح ان کا گیمز میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، بھارتی نیراج چوپڑا نے 86.47 تھرو کیساتھ گولڈ، آسٹریلوی پیکاک ہمیش 82.59 کے ساتھ سلور اور گرینیڈا کے پیٹر اینڈرسن 82.20 کے ہمراہ برانز میڈل لے اڑے، ارشد ندیم کا ایونٹ میں آغاز حوصلہ افزا تھا لیکن رہنمائی کیلیے کوئی کوچ میسر نہیں آیا، کمر میں تکلیف نے بھی ناکامی میں اہم کردار ادا کیا، دوسرے تھرو کے فوراً بعد انھوں نے ایریا سے باہر نکلنے سے پہلے ہی نہ صرف کمر پر ہاتھ رکھ لیا بلکہ کرسی پر جھک بھی گئے تھے۔ یادرہے کہ کامن ویلتھ گیمز اتوار کو ختم ہو جائیں گے، پاکستان نے ہاکی، اسکواش، ریسلنگ، ویٹ لفٹنگ، ایتھلیٹکس، سوئمنگ، شوٹنگ، ٹیبل ٹینس، بیڈ منٹن اور باکسنگ میں شرکت کی لیکن صرف ریسلرز اور ویٹ لفٹرز ہی قومی دستے کی لاج رکھنے میں کامیاب ہوئے۔ میڈلز ٹیبل پر اب تک آسٹریلیا 75، انگلینڈ 42 اور بھارت 25 طلائی تمغوں کے ساتھ بالترتیب پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہے، پاکستان کی 22 ویں پوزیشن ہے۔




کامن ویلتھ گیمز ریسلنگ 86 کلوگرام کیٹیگری کے گولڈ میڈلسٹ محمد انعام بٹ کا خصوصی پوز

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان لاہور

# ارشد ندیم کا سونے کا تمغہ جیتنے کا خواب پورا نہ ہو سکا

## فیصلہ کن معرکے میں 76.02 میٹر تھرو پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی



گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے کامن ویلتھ گیمز ایتھلیٹکس جیولن تھرو ایونٹ میں آٹھویں پوزیشن حاصل کی۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ایتھلیٹکس کے مینز جیولن تھرو ایونٹ میں پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے بہترین ریکارڈ کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا جس کے بعد انہوں نے طلائی تمغہ جیتنے پر نظریں مرکوز کر لی تھیں لیکن فیصلہ کن معرکے میں انہوں نے 76.02 میٹر تھرو پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی، اسطرح ان کا گیمز میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا۔

ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
روزنامہ جہان پاکستان لاہور

# مینز ہاکی انگلینڈ نے بھارتی غرور خاک میں ملا دیا

## آسٹریلیا نے کامن ویلتھ گیمز مینز ہاکی میں طلائی تمغہ جیت لیا

گولڈ کوسٹ (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا نے کامن ویلتھ گیمز مینز ہاکی ایونٹ میں طلائی تمغہ جیت لیا، انگلینڈ نے بھارتی غرور خاک میں ملا کر اسے کانسی کے تمغے سے بھی محروم کر دیا۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ہفتے کو منعقدہ مینز ہاکی ایونٹ کے فائنل میں آسٹریلیا نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے حریف نیوزی لینڈ کو 2-0 گولز سے ہرا کر طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا، میچ کے 21ویں منٹ میں آسٹریلیا کے کلین شمڈت نے گول کر کے ٹیم کو برتری دلائی، 7 منٹس بعد آسٹریلیا کے ڈاسن نے گول کر کے ٹیم کی برتری دوگنی کر دی، آسٹریلیا کی یہ برتری نہ صرف پہلے ہاف بلکہ میچ کے اختتام تک برقرار رہی، اسطرح آسٹریلیا نے 2-0 گولز سے کامیابی حاصل کر کے طلائی تمغہ اپنے نام کیا، تیسری پوزیشن کے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 2-1 گولز سے شکست دے کر کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات

# فری سٹائل ریسلنگ: انعام کا پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل ”انعام“

## گوجرانوالہ کے پہلوان نے 86 کلوگرام کیٹیگری میں نائیجریا کے میلون بیبو کو یکطرفہ مقابلے میں شکست دیکر تاریخی کامیابی حاصل کی، جیت کے بعد قومی پرچم کو چومتے رہے

### جیولن تھرو میں کمر کی تکلیف میں مبتلا ارشد ندیم کا تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا، فیصلہ کن معرکے میں 76.2 میٹر تھرو پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی

گولڈکوسٹ (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران ریسلنگ کے 86 کلوگرام کیٹیگری مقابلے میں پاکستان نے پہلا گولڈ میڈل جیت لیا۔ پاکستان کے ریسلر انعام بٹ نے 86 کلوگرام ریسلنگ کیٹیگری مقابلوں میں تمام حریفوں کو چت کرتے ہوئے فائنل میں نائیجریا کے میلون بیبو کو شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ واضح رہے کہ پاکستانی ریسلر انعام بٹ کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے۔ خیال رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران پاکستان کا پہلا گولڈ میڈل ہے۔ یاد رہے کہ کامن ویلتھ گیمز 2018 میں یہ پاکستان کا چوتھا میڈل ہے جبکہ اس سے قبل پاکستان نے تین برونز میڈل بھی اپنے نام کیے ہیں۔ ریسلنگ کے 57 کلوگرام کیٹیگری مقابلے میں پاکستان کے محمد بلال نے انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ قبلِ ازیں پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز 2018 میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کُل 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ دلوایا تھا۔ پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں برونز میڈل جیت کر پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا۔ دوسری جانب پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے کامن ویلتھ گیمز ایتھلیٹکس جیولن تھرو ایونٹ میں آٹھویں پوزیشن حاصل کی۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ایتھلیٹکس کے مینز جیولن تھرو ایونٹ میں پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے بہترین ریکارڈ کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا جس کے بعد انہوں نے طلائی تمغہ جیتنے پر نظریں مرکوز کر لی تھیں لیکن فیصلہ کن معرکے میں انہوں نے 76.02 میٹر تھرو پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی، اسطرح ان کا گیمز میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا۔



گولڈکوسٹ: پاکستان کی جانب سے کامن ویلتھ گیمز میں فری سٹائل ریسلنگ مقابلوں میں گولڈ میڈل حاصل کرنے کے بعد قومی پہلوان انعام الحق رنگ میں قومی پرچم اٹھائے شائقین کی داد کا جواب دے رہے ہیں

اعلیٰ صحافتی اقدار کا علمبردار

روزنامہ اوصاف

# دولت مشترکہ گیمز

# ریسلر انعام بٹ نے پاکستان کو پہلا طلائی تمغہ دلا دیا

گولڈکوسٹ (سپورٹس ڈیسک) ریسلر محمد انعام نے دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان کیلئے پہلا طلائی تمغہ جیت لیا، طیب رضا نے کانسی کا تمغا اپنے نام کیا، اسطرح ریسلنگ ایونٹ میں پاکستان نے مجموعی طور پر ایک طلائی اور دو کانسی کے تمغے حاصل کیے، اس سے قبل محمد بلال نے کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ہفتہ کو مینز ریسلنگ ایونٹ میں پاکستانی ریسلر محمد انعام نے فری سٹائل 86 کلوگرام کیٹگری کے پہلے مقابلے میں آسٹریلوی ریسلر کو ہرا کر فاتحانہ آغاز کیا، انہوں نے دوسرے مقابلے میں روایتی حریف بھارتی ریسلر سومویر کو شکست فاش سے دوچار کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنائی، لاسٹ فور مقابلے میں انعام نے کینیڈین ریسلر کر ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا، انعام نے فیصلہ کن معرکے میں حریف نائیجرین ریسلر ملوین بیبو کو زیر کر کے پاکستان کیلئے گیمز میں پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا، ایک اور پاکستانی ریسلر طیب رضا نے فری سٹائل 125 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔ پاکستان نے ایک اور کانسی کا تمغہ جیت لیا ہے۔ پاکستان کیلئے کانسی کا چوتھا تمغہ طیب رضا نے ریسلنگ ایونٹ میں جیتا، ریسلنگ ایونٹ کی 125 کلوگرام کیٹیگری میں پاکستان کے طیب رضا کو کینیڈا کے کورے جاویس نے ہرایا، طیب رضا آخری باٹ ہارنے کے باوجود پوائنٹس کی بنیاد پر تیسری پوزیشن پر رہے، دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان کا یہ چوتھا کانسی کا تمغا ہے۔ قبل ازیں بلال بٹ کانسی کا تمغا اپنے نام کیا تھا جبکہ طلحہ طالب اور نوح دستگیر بٹ نے ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں کانسی کے تمغے جیتے تھے۔





گولڈکوسٹ: ریسلر انعام بٹ دولت مشترکہ گیمز میں پہلا طلائی تمغہ جیتنے کے بعد قومی پرچم لہرا کر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے جبکہ دوسری جانب طیب رضا کا کانسی اور انعام بٹ کا گولڈ میڈل کیساتھ خصوصی پوز



روزنامہ اوصاف
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

# ریاض پیرزادہ کی قومی ریسلر انعام بٹ کو طلائی تمغہ جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ میاں ریاض حسین پیرزادہ اور قومی ریسلنگ ٹیم کے ہیڈ کوچ محمد انور نے محمد انعام بٹ کو کامن ویلتھ گیمز میں طلائی تمغہ جیتنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کارنامہ انجام دے کر بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے۔ انعام نے ریسلنگ ایونٹ میں فری سٹائل 86 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں طلائی تمغہ جیت کر بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔ اس کے علاوہ پاکستان تائیکوانڈو فیڈریشن کی ویمن ونگ کی چیئرپرسن صباء شمیم جدون، پاکستان پاور لفٹنگ کے فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد راشد ملک، اسلام چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سنیئر نائب صدر نوید احمد ملک، سپورٹس کمیٹی چیئرمین ناصر محمود چوہدری، اسلام آباد فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری سید شرافت حسین بخاری، پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے سابق سیکرٹری اطلاعات رانا تنویر احمد نے بھی انعام کو طلائی تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی، پاکستانی ریسلرز طیب رضا اور محمد بلال نے گیمز میں کانسی کے تمغے حاصل کیے۔

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN
چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد
ایڈیٹر: امتنان شاہد

## 86 کے جی فری سٹائل فائنل میں سٹار ریسلر نے یکطرفہ مقابلے میں نائیجیرین حریف ملوین کو 0-3 سے مات دی

# کامن ویلتھ گیمز: انعام نے پاکستان کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیت لیا

### پہلے مقابلے میں پاکستانی ریسلر نے آسٹریلین پلیئر کو زیر کیا، دوسرے مقابلے میں بھارتی ریسلر سوموير کو ٹھکانے لگایا، سیمی فائنل میں کینیڈین ریسلر کو قابو کیا

### 125 کلوگرام نورڈک کیٹیگری میں طیب رضا نے ملک کیلئے کانسی کا تمغہ جیتا، کھیلوں میں پاکستان نے اب تک 1 گولڈ سمیت 4 کانسی کے تمغے جیتے ہیں

گولڈکوسٹ (نیوز ایجنسیاں) پاکستانی ریسلر محمد انعام نے 21 ویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کیلیے پہلا گولڈ میڈل جیت لیا۔انہوں نے فری اسٹائل ریسلنگ کی 86 کلوگرام کیٹیگری میں نائیجیرین حریف کو پچھاڑ کر پہلی پوزیشن حاصل کی۔محمد انعام نے اتنی زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کیا کہ گولڈ میڈل فائٹ یکطرفہ مقابلہ بن گئی۔محمد انعام نے چھ صفر سے یہ مقابلہ جیت لیا۔ طیب رضا نے کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا، اسطرح ریسلنگ ایونٹ میں پاکستان نے مجموعی طور پر ایک طلائی اور دو کانسی کے تمغے حاصل کیے، اس سے قبل محمد بلال نے کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ہفتہ کو مینز ریسلنگ ایونٹ میں پاکستانی ریسلر محمد انعام نے فری سٹائل 86 کلوگرام کیٹگری کے پہلے مقابلے میں آسٹریلوی ریسلر کو ہرا کر فاتحانہ آغاز کیا، انہوں نے دوسرے مقابلے میں روایتی حریف بھارتی ریسلر سوموير کو شکست فاش سے دوچار کر کے سیمی فائنل میں جگہ بنائی، لاسٹ فور مقابلے میں انعام نے کینیڈین ریسلر کو ہرا کر فائنل کیلئے کوالیفائی کیا، انعام نے فیصلہ کن معرکے میں حریف نائیجیرین ریسلر ملوین بیبو کو زیر کر کے پاکستان کیلئے گیمز میں پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا، ایک اور پاکستانی ریسلر طیب رضا نے فری سٹائل 125 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز میں ایک طلائی تمغے سمیت مجموعی طور پر پانچ تمغے اپنے نام کیے، گرین شرٹس نے پانچوں تمغے ریسلنگ اور ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں جیتے۔ریسلر محمد انعام نے پاکستان کیلیے پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز پایا، طیب رضا اور بلال نے کانسی کے تمغے جیتے تھے، طلحہ طالب اور نوح دستگیر بٹ نے ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں کانسی کے تمغے جیتے تھے۔تفصیلات کے مطابق آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز آج اتوار کو اختتام پذیر ہوں گے، گرین شرٹس نے ایونٹ میں ریسلنگ، ویٹ لفٹنگ، ایتھلیٹکس، سوئمنگ، شوٹنگ، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، سکواش، ہاکی اور باکسنگ کے ایونٹس میں شرکت کی لیکن گرین شرٹس کے ایتھلیٹس صرف ریسلنگ اور ویٹ لفٹنگ میں تمغے جیتنے میں کامیاب رہے، پاکستان نے گیمز میں ایک طلائی تمغے سمیت مجموعی طور پر پانچ تمغے حاصل کیے، محمد انعام نے مینز ریسلنگ ایونٹ میں فری سٹائل 86 کلوگرام کیٹگری کے مقابلے میں ملک کیلیے پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کیا، طیب رضا نے فری سٹائل 125 اور محمد بلال نے فری سٹائل 57 کلوگرام کیٹگری میں کانسی کے تمغے جیتے۔

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN
چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد
ایڈیٹر: امتنان شاہد

# انعام کے طلائی تمغہ جیتنے پر حکومت کو بھی ہوش آ گیا

### سٹار ریسلر کیلئے 50 لاکھ، دیگر میڈلسٹ پلیئرز کو 10، 10 لاکھ ملیں گے، ریاض پیرزادہ

گولڈکوسٹ (آن لائن) پاکستانی پہلوان انعام بٹ نے اپنی مدد آپ کے تحت تیاری کر کے کامن ویلتھ گیمز میں جا کر پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتا تو حکومت کو بھی ہوش آ گیا جس نے انعام بٹ سمیت تمغے جیتنے والے تمام پاکستانی کھلاڑیوں کیلئے انعامات کا اعلان کر دیا ہے۔کامن ویلتھ گیمز کی تیاری کیلئے 10 لاکھ روپے بھی نہ دینے والی حکومت نے گولڈ میڈل جیتنے کے بعد بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اعلان وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ کی جانب سے کیا گیا ہے جن کا کہنا تھا کہ انعام بٹ کے اعزاز میں تقریب سجائی جائے گی اور انعام دیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ نے ناصرف انعام بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے بلکہ براؤنز میڈل جیتنے والوں کو بھی فی کس 10 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔





گولڈکوسٹ: کامن ویلتھ گیمز میں ریسلنگ کے 86 کلوگرام میں گولڈ میڈل جیتنے کے بعد قومی ریسلر محمد انعام [illegible]

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN
چیف ایڈیٹر: ضیا شاہد
ایڈیٹر: امتنان شاہد

# ارشد ندیم کا تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا

## کامن ویلتھ گیمز کے جیولن تھرو فائنل میں قومی ایتھلیٹ کا 8واں نمبر، نیراج فاتح رہے



گولڈکوسٹ(اے پی پی) پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے کامن ویلتھ گیمز ایتھلیٹکس جیولن تھرو ایونٹ میں آٹھویں پوزیشن حاصل کی۔ آسٹریلیا میں جاری میگا گیمز میں ایتھلیٹکس کے مینز جیولن تھرو ایونٹ میں پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم نے بہترین ریکارڈ کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا تھا جس کے بعد انہوں نے طلائی تمغہ جیتنے پر نظریں مرکوز کر لی تھیں لیکن فیصلہ کن معرکے میں انہوں نے 76.02 میٹر تھرو پھینک کر آٹھویں پوزیشن حاصل کی، اسطرح ان کا گیمز میں تمغہ جیتنے کا خواب ادھورا رہ گیا۔ بھارت کے نیراج چوپڑا نے طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔

روزنامہ دنیا

# محمد انعام نے پاکستان کو پہلے گولڈ میڈل کا مالک بنا دیا

**مینز فری اسٹائل 86 کلوگرام درجہ بندی کے فیصلہ کن معرکے میں نائیجیریا کے میلوین بیبو کو چھ،صفر سے زیر کر کے زبردست کامیابی سمیٹی،میڈلز ٹیبل پر 31ویں سے 22ویں پوزیشن پر ترقی بھی دلا دی**

**مینز فری اسٹائل 125 کلوگرام نورڈک سسٹم میں قومی ریسلر طیب رضا نے کانسی کا تمغہ جیتا،مینز پچاس میٹرز رائفل تھری پوزیشنز میں غفران عادل اور مینز جیولن تھرو میں ارشد ندیم میڈلز جیتنے میں ناکام**

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) اکیسویں کامن ویلتھ کے دسویں روز آخرکار ریسلر محمد انعام نے پاکستان کو پہلے گولڈ میڈل کا مالک بنا دیا،مینز فری اسٹائل 86 کلوگرام درجہ بندی کے فیصلہ کن معرکے میں نائیجیریا کے میلوین بیبو کو چھ،صفر سے زیر کر کے زبردست کامیابی سمیٹی،میڈلز ٹیبل پر 31ویں سے 22ویں پوزیشن پر ترقی بھی دلا دی،مینز فری اسٹائل 125 کلوگرام نورڈک سسٹم میں قومی ریسلر طیب رضا نے کانسی کا تمغہ جیتا،مینز پچاس میٹرز رائفل تھری پوزیشنز میں غفران عادل اور مینز جیولن تھرو میں ارشد ندیم میڈلز جیتنے میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔تفصیلات کے مطابق کامن ویلتھ گیمز کا دسواں روز پاکستان کیلئے اس اعتبار سے کامیاب ترین رہا جب اس کے دو کھلاڑیوں نے میڈل کے حصول میں کامیابی حاصل کر لی۔گوجرانوالہ کے 29 سالہ ریسلر محمد انعام بٹ نے مینز فری اسٹائل 86 کلوگرام درجہ بندی میں ایک ہی دن کے دوران چار حریفوں کو ٹھکانے لگا کر نہ صرف پاکستان کو پہلا گولڈ میڈل دلایا بلکہ اس کی 31ویں پوزیشن کو بہتر بنا کر 22ویں تک بھی پہنچا دیا۔محمد انعام نے 1/8 فائنل میں آسٹریلیا کے جیڈ لارنس کیخلاف چودہ،چار کے واضح فرق سے کامیابی حاصل کی اور پھر 1/4 فائنل معرکے میں بھارت کے سوموپر کو ایک پوائنٹ بھی دیے بغیر دس،صفر سے فتح حاصل کی جو رواں ایونٹ میں کسی پاکستانی کھلاڑی کی اپنے بھارتی حریف کیخلاف اولین کامیابی بھی قرار پائی۔مینز فری اسٹائل 86 کلوگرام درجہ بندی کے سیمی فائنل مرحلے میں محمد انعام نے کینیڈا کے الیگزینڈر مور کیخلاف چار،چھ کے اسکور پر "وکٹری بائی فال" کی بدولت فیصلہ کن معرکے میں جگہ بنا لی۔گولڈ میڈل فائٹ میں ان کا سامنا نائیجیریا کے میلوین بیبو کیخلاف ہوا تو انہوں نے چھ،صفر سے کامیابی کے ساتھ طلائی تمغے پر قبضہ کر لیا۔واضح رہے کہ محمد انعام بٹ کا یہ کامن ویلتھ گیمز میں دوسرا طلائی تمغہ بھی ہے کیونکہ انہوں نے دو ہزار دس میں دہلی میں ہونے والے مقابلوں میں بھی 84 کلوگرام کی درجہ بندی میں گولڈ میڈل جیتا تھا حالانکہ اسی سال دہلی میں منعقدہ گریکو رومن مقابلوں کی 84 کلوگرام کی درجہ بندی میں انہیں پانچویں پوزیشن ہی مل سکی تھی۔دو ہزار چودہ میں گلاسگو میں ہونے والے کامن ویلتھ گیمز میں بھی محمد انعام کو 86 کلوگرام درجہ بندی میں پانچویں پوزیشن پر اکتفا کرنا پڑا لیکن کامن ویلتھ چیمپئن شپس میں فری اسٹائل مینز 86 کلوگرام درجہ بندی میں بھی انہیں دوسری پوزیشن حاصل ہوئی تھی۔مینز فری اسٹائل 125 کلوگرام نورڈک سسٹم میں پاکستان کے طیب رضا نے نائیجیریا کے سینیوی بولنگ کیخلاف دس،دو کے اسکور پر اس وقت کامیابی سمیٹی جب ان کے حریف کو انجری کا شکار ہونا پڑا،کیمرون کے کلاڈ کومین اجیا انگا کی انجری کی بدولت انہیں دوسری کامیابی ملی تاہم انہیں بھارتی حریف سمیت کیخلاف چار،دس سے شکست کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد لاہور کے بائیس سالہ ریسلر طیب رضا نے کینیڈا کے کورے جارویس کیخلاف بھی "وکٹری بائی فال" کی بدولت میچ گنوا دیا۔مجموعی طور پر گزشتہ روز طیب رضا نے چار میں سے دو مقابلوں میں کامیابی حاصل کی تھی اور یوں نورڈک سسٹم کے تحت جو کہ راؤنڈ رابن لیگ طرز کا ہی ہے انہوں نے گیارہ کلاسی فکیشن اور چودہ ٹیکنیکل پوائنٹس کی بدولت تیسری پوزیشن حاصل کی جس نے انہیں برانز میڈل کا حقدار بنا دیا۔شوٹنگ کے مینز پچاس میٹرز رائفل تھری پوزیشنز کوالی فکیشن کے دوسرے روز آٹھویں پوزیشن کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کیا لیکن گولڈ میڈل کیلئے مقابلوں میں انہیں 390.5 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں پوزیشن ہی مل سکی یوں تمغہ جیتنے کا موقع ہاتھ سے نکل گیا۔ٹریپ مینز کوالی فکیشن کے دوسرے روز پاکستان کے محمد فرخ ندیم نے 14ویں اور عامر اقبال نے 24ویں پوزیشن کے ساتھ اختتام کیا۔مینز جیولن تھرو میں نیشنل ریکارڈ کے ساتھ فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے والے ارشد ندیم سے بہترین کارکردگی کی امید پوری نہیں ہو سکی جو 76.02 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں پوزیشن پر رہے اور مقابلوں میں پاکستان کا سفر تمام ہو گیا۔ایک طلائی اور چار کانسی سمیت پانچ تمغوں نے پاکستان کو ایونٹ میں حصہ لینے والے تمام ممالک میں 22ویں پوزیشن تک پہنچا دیا جو اس اعتبار سے اہمیت کی حامل بات ہے کہ کئی ممالک اب بھی پاکستان سے پیچھے ہیں۔

روزنامہ دنیا کراچی


# پاکستان کی طلائی تمغے سے محرومی نے ”کچھ خاص“ کر دکھانے پر اکسایا

محمد انعام

## ہر فائٹ ”کرو یا مرو“ کے مترادف اور ہر حریف مشکل تھا، عالمی نمبر دو نائیجیرین حریف میلوین بیبو کی اپنی ایک ساکھ ہے، گولڈ میڈلسٹ ریسلر

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) اکیسویں کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کو پہلا طلائی تمغہ دلانے والے ریسلر محمد انعام بٹ کا کہنا ہے کہ پاکستان کی طلائی تمغے سے محرومی نے انہیں کچھ خاص کر دکھانے پر اکسایا ورنہ ہر فائٹ ”کرو یا مرو“ کے مترادف اور ہر حریف مشکل تھا جبکہ عالمی نمبر دو نائیجیرین حریف میلوین بیبو کی اپنی ایک ساکھ ہے۔ اپنا گولڈ میڈل قوم کے نام کرنے والے فتح گر ریسلر محمد انعام کا کہنا تھا کہ اس بڑے ایونٹ میں وہ پاکستان کیلئے فخر کا باعث بننا چاہتے تھے کیونکہ یہ بڑی شرمندگی کی بات تھی کہ پاکستان کو ایک بھی طلائی تمغہ نہیں مل سکا تھا اور اس وجہ سے انہوں نے سوچا کہ کچھ خاص کر دکھانے کی کوشش کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں اور پاکستان کو اس گولڈ میڈل کی ضرورت تھی اور وہ دل سے چاہتے تھے کہ پاکستان بڑی کامیابی کے ساتھ ان گیمز کا اختتام کرے۔ فاتح قومی ریسلر کا کہنا تھا کہ ان کی ہر فائٹ ”کرو یا مرو“ کے مترادف اور ہر حریف مضبوط اور مشکل تھا کیونکہ نائیجیریا کے میلوین بیبو کی اپنی ایک ساکھ ہے جو عالمی نمبر دو ہیں جبکہ وہ بھارت کے سومویر کیخلاف اس سے قبل ناکامی کا شکار ہو چکے تھے جن کیخلاف انہوں نے بھرپور طاقت اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔ محمد انعام بٹ کے مطابق ان کا حریف کینیڈین ریسلر بھی جونیئرز میں سرفہرست درجہ رکھتا تھا لہٰذا ان کی ہر کامیابی اس موقع پر قیمتی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ بدقسمتی سے انہیں ایسے ممالک کے پلیئرز کا سامنا تھا جہاں اتھلیٹس پر کافی سرمایہ کاری کی جاتی ہے اور بھارت کا صرف ریسلرز کیلئے بجٹ بھی پاکستان میں اسپورٹس کے بجٹ سے کہیں زیادہ ہے لہٰذا ان کیلئے حریفوں کیخلاف جیتنا آسان نہیں ہوتا اور اب وقت آ گیا ہے کہ اس حوالے سے توجہ دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاریخ گواہ ہے ریسلرز نے پاکستان کو ہمیشہ تمغے جتوائے ہیں اور یہ کھیل کامیابی کی ضمانت بنا رہا ہے۔

روزنامہ دنیا کراچی



گولڈکوسٹ: پاکستانی ریسلر محمد انعام بٹ کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے پر پرجوش، انہوں نے مینز 86 کلوگرام کیٹگری میں کامیابی حاصل کی

## محمد انعام بٹ کامن ویلتھ گیمز 2010 میں بھی گولڈ میڈل جیتے

### گلاسگو میں ہونیوالے کامن ویلتھ گیمز 2014 میں پانچویں پوزیشن پر اکتفا کرنا پڑا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ریسلر محمد انعام بٹ کا کامن ویلتھ گیمز میں یہ دوسرا طلائی تمغہ ہے، انہوں نے 2010 میں دہلی میں ہونیوالے مقابلوں میں 84 کلوگرام کی درجہ بندی میں گولڈ میڈل جیتا تھا، اسی سال دہلی میں منعقدہ کریکوروومن مقابلوں کی 84 کلوگرام کی درجہ بندی میں انہیں پانچویں پوزیشن ملی تھی۔ 2014 میں گلاسگو میں ہونے والے کامن ویلتھ گیمز میں محمد انعام کو 86 کلوگرام درجہ بندی میں پانچویں پوزیشن پر اکتفا کرنا پڑا لیکن کامن ویلتھ چیمپئن شپس میں فری سٹائل میں انہیں دوسری پوزیشن حاصل ہوئی تھی۔

## گوجرانوالہ میں محمد انعام بٹ کے گھر پر جشن، مٹھائیاں تقسیم

### بیٹے نے ملک کا نام اور ہمارا سر فخر سے بلند کردیا: والد الٰہ صفدر، والدہ کوثر بی بی

گوجرانوالہ (سٹی رپورٹر) گولڈ میڈل حاصل کرنے کی خوشی میں محمد انعام بٹ کے گھر گوجرانوالہ میں جشن منایا گیا اور مٹھائیاں تقسیم کی گئیں، نوجوانوں نے پاکستان زندہ باد اور انعام بٹ زندہ باد کے نعرے لگائے۔ محمد انعام کے والدین اور اہل خانہ خوش تھے۔ والد الٰہ صفدر اور والدہ کوثر بی بی نے دنیا نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ انعام بٹ نے کامیابی حاصل کرکے نہ صرف پاکستان کا نام روشن کیا بلکہ ہمارا سر بھی فخر سے بلند کردیا۔ انعام بٹ کے بھائی امیر حمزہ اور ماموں عرفان بٹ کا کہنا تھا کہ حکومت تعاون کرے تو انعام مزید میڈل حاصل کرسکتا ہے۔



گوجرانوالہ: محمد انعام کے گولڈ میڈل جیتنے پر ان کے اہل خانہ کو مٹھائی کھلائی جارہی ہے

روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# تیاری کیلئے 10 لاکھ نہ دینے والی حکومت کا فاتح ریسلر کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان

انعام بٹ نے اپنی مدد آپ کے تحت تیاری کر کے گیمز میں پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتا تو حکومت نے انعام کا اعلان کر دیا

**کانسی کا تمغہ جیتنے والوں کو 10 لاکھ روپے فی کس ملیں گے، کھلاڑیوں کے اعزاز میں تقریب سجائی جائے گی، ریاض پیرزادہ**

گولڈکوسٹ (سپورٹس رپورٹر) پاکستانی پہلوان انعام بٹ نے اپنی مدد آپ کے تحت تیاری کر کے کامن ویلتھ گیمز میں جا کر پاکستان کیلئے سونے کا تمغہ جیتا تو حکومت نے انعام بٹ سمیت تمغے جیتنے والے تمام پاکستانی کھلاڑیوں کیلئے انعامات کا اعلان کر دیا ہے۔ کامن ویلتھ گیمز کی تیاری کیلئے 10 لاکھ روپے بھی نہ دینے والی حکومت نے گولڈ میڈل جیتنے کے بعد انعام بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ اعلان وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ کی جانب سے کیا گیا ہے جن کا کہنا تھا کہ انعام بٹ کے اعزاز میں تقریب سجائی جائے گی اور انعام دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر ریاض پیرزادہ نے نہ صرف انعام بٹ کیلئے 50 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے بلکہ برانز میڈل جیتنے والوں کو بھی فی کس 10 لاکھ روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ مقابلوں میں پاکستان کے انعام بٹ نے ملک کیلئے پہلا گولڈ میڈل جیتنے پر پاکستانی خوشی سے نہال ہیں اور پاکستان کا پرچم بلند کرنے والے اس 'شیر جوان' کو بھرپور داد دے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق انعام بٹ نے حکومت سے 10 لاکھ روپے مانگے تو انہیں ایک پائی بھی نہ دی گئی لیکن یہ باہمت نوجوان مایوس نہ ہوا اور اپنی مدد آپ کے تحت پیسے اکٹھے کرنے کی کوشش شروع کر دی جبکہ ریسلنگ فیڈریشن نے بھی اس کا بھرپور ساتھ دیا اور یوں اس نوجوان نے سونے کا تمغہ حاصل کر کے پاکستان کا نام سرخرو کر دیا ہے۔

## کامن ویلتھ گیمز کا آج رنگارنگ تقریب میں اختتام ہوگا

**پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز میں ایک طلائی تمغے سمیت مجموعی طور پر پانچ تمغے حاصل کئے**

گولڈکوسٹ (سپورٹس رپورٹر) پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز میں ایک طلائی تمغے سمیت مجموعی طور پر پانچ تمغے اپنے نام کرلیے۔ گرین شرٹس نے پانچوں تمغے ریسلنگ اور ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں جیتے۔ ریسلر محمد انعام نے پاکستان کیلئے پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز پایا، طیب رضا اور بلال نے کانسی کے تمغے جیتے تھے جبکہ طالب اور نوح دستگیر بٹ نے ویٹ لفٹنگ میں کانسی کے تمغے جیتے تھے۔ گیمز آج اختتام پذیر ہوں گے۔

## وزیر کھیل پنجاب کی ریسلر انعام بٹ کو گولڈ میڈل جیتنے پر مبارکباد

**انعام بٹ کی کامیابی سے ثابت ہوگیا پاکستان میں کھیلوں کا مستقبل روشن ہے، جہانگیر خانزادہ**



لاہور (سپورٹس ڈیسک) صوبائی وزیر کھیل پنجاب جہانگیر خانزادہ اور سیکرٹری سپورٹس پنجاب محمد عامر جان کی ریسلر محمد انعام بٹ کو کامن ویلتھ گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر کھیل پنجاب جہانگیر خانزادہ نے کہا ہے کہ محمد انعام بٹ نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کیلئے گولڈ میڈل حاصل کیا جس پر وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ محمد انعام بٹ کی کامیابی سے یہ ثابت ہوگیا ہے کہ پاکستان میں سپورٹس کا مستقبل روشن ہے۔ سیکرٹری سپورٹس پنجاب محمد عامر جان نے کہا ہے کہ محمد انعام بٹ نے گولڈ میڈل حاصل کر کے پاکستان کا نام روشن کیا ہے، پوری قوم کو ان پر فخر ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی وہ کامیابی کا تسلسل برقرار رکھیں گے اور پاکستان کے لئے میڈلز جیت کر لائیں گے۔

روزنامہ وقت لاہور

# کامن ویلتھ‘ پاکستان نے بھی گولڈ میڈل جیت لیا

گولڈ کوسٹ (نیٹ نیوز) آسٹریلیا میں جاری کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران ریسلنگ کے 86 کلوگرام کیٹیگری مقابلے میں پاکستان نے پہلا گولڈ میڈل جیت لیا۔ پاکستان کے ریسلر انعام بٹ نے 86 کلوگرام ریسلنگ کیٹیگری مقابلوں میں تمام حریفوں کو چت کرتے ہوئے فائنل میں نائیجیریا کے میلون بیبو کو شکست دے کر گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ واضح رہے کہ پاکستانی ریسلر انعام بٹ کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے۔ خیال رہے کہ یہ کامن ویلتھ گیمز 2018 کے دوران پاکستان کا پہلا گولڈ میڈل ہے۔ یاد رہے کہ کامن ویلتھ گیمز 2018 میں یہ پاکستان کا چوتھا میڈل ہے جبکہ اس سے قبل پاکستان نے تین برونز میڈل بھی اپنے نام کیے ہیں۔ ریسلنگ کے 57 کلوگرام کیٹیگری مقابلے میں پاکستان کے محمد بلال نے انگلینڈ کے ریسلر کو شکست دے کر کانسی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ قبل ازیں پاکستان کے نوح دستگیر بٹ نے کامن ویلتھ گیمز 2018 میں ویٹ لفٹنگ کے مقابلے میں کُل 395 کلوگرام وزن اٹھا کر پاکستان کو دوسرا کانسی کا تمغہ دلوایا تھا۔ پاکستان کے طلحہ طالب نے 62 کلوگرام کے ایونٹ میں برونز میڈل جیت کر پاکستان کو پہلا میڈل دلایا تھا۔ 21 ویں کامن ویلتھ گیمز اتوار کو رنگارنگ تقریب میں اپنے اختتام کو پہنچے گے، جس میں میزبان آسٹریلیا کی برتری واضح ہے، اختتامی تقریب میں آتش بازی، ثقافتی شو، بچوں کی پرفارمنس، موسیقی، نمایاں آئٹم ہوں گے، کامن ویلتھ گیمز کے دوران 50 نئے ریکارڈ مختلف کھیلوں میں بنے، جبکہ 480 کھلاریوں کو ڈوپ ٹیسٹ سے مراحل سے گذرنا پڑا، ان مقابلوں میں 70 ملکوں کے چھ ہزار چھ سو مرد اور خواتین کھلاڑی 15 اپریل تک ایکشن میں نظر آئے، جس میں پاکستان کے 89 رکنی دستہ نے بھی دس مختلف کھیلوں میں اپنی قسمت آزمائی، ہاکی میں پاکستان نے ساتویں پوزیشن حاصل کی، قومی ٹیم وکٹری اسٹینڈ سے باہر دکھائی دی، اسکواش میں پاکستان کی پرفارمنس مایوس کن رہی، ٹیبل ٹینس، میں بھی پاکستانی کھلاڑی کوئی خاص مقابلہ نہیں کر سکے ویٹ لفٹنگ میں دو برانز میڈل پاکستان کا حصہ بنے، ریسلنگ کے 57 کے جی کیٹیگری ایونٹ میں پاکستان کے لئے برانز میڈل ریسلر محمد بلال نے جیتا، شوٹنگ میں بھی پاکستانی کھلاڑیوں نے مایوس کیا، باکسنگ اور سوئمنگ میں بھی پاکستانی کھلاڑی قوم کو کوئی خوش خبری نہ دے سکے، اتھلیٹکس کے جیولین تھرو کے فائنل ایونٹ میں پاکستان کے ارشد ندیم نے اپنے قومی ریکارڈ کو بہتر بنایا۔ کامن ویلتھ گیمز میں شریک دو بھارتی اتھلیٹس کو ان کے کمرے سے انجکشن کی سرنج برآمد ہونے پر گیمز سے خارج کرتے ہوئے ان کے گیمز کارڈ کو بھی منسوخ کیا گیا، مجموعی طور پر 35 مرد اور خواتین کھلاڑی مقابلوں کے دوران ان فٹ ہونے کی وجہ سے گیمز سے باہر ہوئے۔

نوائے وقت



گولڈ کوسٹ: پاکستانی ریسلر انعام بٹ کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے پر قومی پرچم لہرا رہے ہیں



شہری محمد انعام بٹ کے کامن ویلتھ گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے پر جشن منا رہے ہیں

Daily Times
Your right to know — A new voice for a new Pakistan

Gold Coast Commonwealth Games 2018

# Wrestler Inam lifts first gold medal for Pakistan

**Pakistan's Tayyab clinches bronze in wrestling competition**



**LAHORE:** Wrestler Muhammad Inam Butt won a gold medal for Pakistan after winning the final of the men's freestyle 86kg event at the Commonwealth Games in Gold Coast, Australia on Saturday. The win moved Pakistan from a modest 31st position to 22nd in the rankings within a few hours. The 29-year-old triumphed over Nigeria's Melvin Bibo 6-0 in the closing fight to earn gold. Prior to his final fight, Inam defeated Canada's Alexander Moore and India's Somveer in the semi-finals and quarter-finals, respectively. The champion began his winning campaign with a win over Australia's Jayden Lawrence in his first match. Pakistan's top wrestler for nearly a decade, Inam had been targeting gold at the Commonwealth Games. "History proves that wrestlers are the best among Pakistani contingents at the games. Wrestling has always been a success for us, and I want that gold," Inam had told media before the mega event Down Under. Pakistan has won 40 medals in wrestling at the Commonwealth Games with 20 gold, 11 silver and nine bronze medals.

In the first period of the final fight, 29-year-old Inam won one technical point while Bibo failed to score any point. In the second period, Inam secured 2, 2, and 1 technical points to secure five points and subsequently finished with six points against Bibo's nil. Having secured six technical points, Inam was awarded three classification points and won the fight with 3:0 to win the first gold medal for his country. Later Inam revealed how he hatched a spontaneous psychological plan to tame Indian rival Somveer in the quarter-finals before going all the way. In a series of videos made soon after his historic 3-0 victory in the final, Inam recalled: "Somveer was already the pre-event favourite and on my way to the wrestling mat I noticed how Indian fans were outnumbering Pakistan fans. They were chanting 'India, India!' and cheering for their guy. This is when I changed my mindset. I told myself that all these people are not shouting 'India India' but are actually saying Inam, Inam!' It helped me become extra aggressive and win that fight. And once I had beaten the Indian guy I was sure that now I would not settle for anything less than gold." Inam also talked about his dominating win over Bibo in the gold medal match, saying: "This guy (Bibo) is the African champions and currently world number two. But our team identified his weak areas and formulated a special plan, which I executed to perfection and won the gold medal for Pakistan." For Inam, like any other wrestler, the ultimate target remains the Olympic Games – a dream he believes can be achieved if the government and relevant sports boards support local athletes.

"The athletes we compete against go through full four-year preparations for the Olympics," said Inam. "Even the Indian athletes, when we talk to them, they tell us that as soon as an Olympic event ends they start preparing for the next one in foreign countries. An of course that four years of high-level training shows physically and in their results. The next Olympics is now two years away. I plead with the Pakistan government and the Pakistan Sports Board to please cooperate with us," he added. Pakistan's overall performance at the Commonwealth Games had been dreary. Talha Talib and Nooh Dastagir Butt won two bronze medals in the 62kg and +105kg weightlifting events, while wrestler Muhammad Bilal won bronze on Thursday in the 57kg event. Wrestler Tayyab Raza also won bronze medal in the 125kg freestyle event on Saturday taking the country's medals tally to five.

Daily Times
Your right to know · A new voice for a new Pakistan

# PSB to give cash awards to Inam, other medallists



**LAHORE:** The Pakistan Sports Board (PSB) has assured that all the medal winners of Gold Coast Commonwealth Games will receive their due share of cash reward from the PSB as per the decided sports policy. Pakistan athletes won five medals, including gold and four bronze medals in the event. "The PSB will pay to all the medal winners as per the cash award policy approved by the government," said Azam Dar, a senior official of Pakistan Sports Board. According to policy, the gold medallist – wrestler Mohammad Inam Butt – will receive five million rupees, while four bronze medallists – wrestlers Tayyab Raza and Mohammad Bilal along with weightlifters Nooh Butt and Talha Talib – will receive Rs one million each. Meanwhile, in a separate message, PSB President Riaz Pirzada and PSB DG Aamer Ali Ahmed have congratulated Inam Butt on winning gold medal in Commonwealth Games wrestling event.

# Pakistan's Tayyab clinches bronze in wrestling competition

**LAHORE:** Pakistan's Tayyab Raza added one more bronze to Pakistan's tally at the Gold Coast Commonwealth Games on Saturday after finishing third in men's 125kg wrestling competition. Raza won two out of four bouts in the event played according to Nordic system, which is like a round robin system where the top athlete on the table wins the gold. Raza got 11 classification points and 14 technical points with two wins and two defeats to finish third in the completion to win bronze medal. The Pakistani wrestler defeated Claude Mbianga and Sinive Boltic while losing against India's Sumit and Canada's Korey Jarvis.

**Pakistan's Nadeem finishes eighth in javelin final:**

Meanwhile, Pakistan's javelin thrower Arshad Nadeem, who had qualified for the finals, could not make an impressive mark as he finished eighth at the Gold Coast Commonwealth Games on Saturday. Nadeem's throw in Group B qualifier was 80.45m, which is also a new national record by any Pakistani in men's javelin throw competition. He improved his previous record which was 78.33m. However, Nadeem finished eighth in the event with 76.02m. If Nadeem had managed to win a medal he would have been the first Pakistani in more than 50 years to win a javelin throw medal for the country in the Commonwealth Games. The last Pakistani to win a medal in the javelin competition was in 1966. Mohammad Nawaz had clinched bronze in Jamaica.

The Nation

# Inam wins first gold for Pakistan in C'Wealth Games

| Tayab wins wrestling bronze | Arshad finishes eighth in javelin throw

MOHSIN ALI
ISLAMABAD



GOLD COAST - Promising wrestler Muhammad Inam won first gold medal for Pakistan in the the ongoing XXI Gold Coast 2018 Commonwealth Games in Men's freestyle 86kg wrestling event at Gold Coast Sports Centre on Saturday.

Promising wrestler Tayab Raza also claimed bronze medals in Men's freestyles 125kg weight. With these two medals Pakistan jumped from 31 to 22 in medal rankings with one gold and four bronze medals

Inam, born in Gujranwala, has many credentials for the country. Before this gold medal Inam also won gold medal in 2017 Beach Wrestling World Championship in Dalyan, Turkey. He had fifth position in Glasgow in Men's freestyle, won gold medal in 2010 in Delhi Commonwealth Games, fifth position in 2010 in Delhi, India in Men's Greco-Roman 84kg weight and won silver medal in 2016 Singapore Men's freestyle 86kg weight.

Before reaching to the grand final for the gold medal bout, Inam defeated Joyden Lawrence of Australia in the round of eight by 14-4. He scored 9 points in the first round and five points in the second to make a total of 14-4. The Australian had only four points in the first round and failed to get any points in the second round. In the round of four Inama defeated Sinivie Boltic of Negeria by 10-2. He got 10 points in the second round before no points in the first round when Sinivie got two points by putting pressure on Inam. Inam played with cool head in front of large number of local crowd and took 10 points and the match.

After defeating the Nigerian, Inam come up with big bang and defeated his strong and favourite Indian rival Soniveer in the round of four. He got 10-0 points in the first round and succeeded in beating the India wrestlers.

After reaching into final bout, Inam did not look behind and defeated his Nigerian rival Melvin Bibo 6-0 in the second round. He recorded one point against nil in the first round and in the second dominated the proceedings by taking five more points for the first gold medal for Pakistan.

Inam has also revealed how he hatched a spontaneous psychological plan to tame Indian rival Somveer in the quarter-finals before going all the way.

In a series of videos made soon after his historic 3-0 victory over Nigeria's Bibo in the final, Inam recalled: "Somveer was already the pre-event favourite and on my way to the wrestling mat I noticed how Indian fans were outnumbering Pakistani fans. They were chanting 'India, India!' and cheering for their guy. This is when I changed my mindset. I told myself that all these people are not shouting 'India India' but are actually saying Inam, Inam!'"

"It helped me become extra aggressive and win that fight. And once I had beaten the Indian guy I was sure that now I would not settle for anything less than gold."

Inam also talked about his dominating win over Bibo in the gold medal match, saying: "This guy (Bibo) is the African champions and currently world number two. But our team identified his weak areas and formulated a special plan, which I executed to perfection and won the gold medal for Pakistan."

For Inam, like any other wrestler, the ultimate target remains the Olympic Games — a dream he believes can be achieved if the government and relevant sports boards support local athletes.

"The athletes we compete against go through full four-year preparations for Olympics," said Inam. "Even the Indian athletes, when we talk to them, they tell us that as soon as an Olympic event ends they start preparing for the next one in foreign countries. An of course that four years of high-level training shows physically [and in their results]."

"The next Olympics is now two years away. I plead with the Pakistan government and the Pakistan Sports Board to please cooperate with us," he added.

Tayab Raza beat Cluude Kouamen of Cameroon before losing two matches and but got bronze medal in the Men's Freestyle 125kg Nordic System. In the second match Tayab Raza lost to Sumit of India by 10-4, he got four points in the first round but failed to click against Sumit who got six points in the first round and four points in the second round. He also lost to Karey Jarvis of Canada by 9-1, and victory by fall.

In the Javelin throw, Pakistan’s Arshad Nadeem got 8th position overall with his throw of 76.02m, before India’s Neeraj Chopra won gold medal with his 86.47m, followed by Hamish Peacock with his distance of 82.59m and Granda’s Anderson Peters with his throw of 82.20m got bronze medal.

Australia is leading the medal tally with 185 medals including 73 gold medals, 55 silver medal and 57 bronze medals, England is still on second at the medal tally with 122 medals including 42 gold medal, 39 silver medal and 41 bronze medals, India is at no. 3 with 59 medals including 25 gold medals, 16 silver medals and 18 bronze medals, Canada with 80 medals with 15 gold, 38 silver medal and 26 bronze medals. Pakistan with one gold medal and four bronze medals is at no. 22.

PAKISTAN OBSERVER

## Arshad finishes 8th in javelin final

Pakistan's javelin thrower Arshad Nadeem who had qualified for the finals, could not make an impressive mark as he finished eighth in the event.

Nadeem had given Pakistan some hope, after Pakistani weightlifters Nooh Dastagir Butt and Taha Talib had bagged a bronze, along with Mohammad Bilal who gave Pakistan their third bronze of the tournament in the boxing event.

Pakistan added another medal to their tally after Tayyab Raza finished third in men's 125kg wrestling competition at the Commonwealth Games on Saturday.

Nadeem's throw in Group B qualifier was 80.45m, which is also a new national record by any Pakistani in men's javelin throw competition.

He improved his previous record which was 78.33m. However, Arshad finished eighth in the event with 76.02m. If Arshad had managed to win a medal he would have been the first Pakistani in more than 50 years to win a javelin throw medal for the country in the Commonwealth Games.

The last Pakistani to win a medal in the javelin competition was in 1996. Mohammad Nawaz had clinched Bronze in Jamaica.—APP